2018年8月21日ジャング紙ラホール版1面

# گستاخانہ خاکے، ہالینڈ کے ناظم الامور کی دفتر خارجہ طلبی، احتجاج

## ناظم الامور کو وفاقی کابینہ کے فیصلے سے آگاہ کیا گیا، معاملے کو ہر بین الاقوامی فورم پر اٹھائیں گے، دفتر خارجہ

اسلام آباد (نامہ نگار خصوصی) گستاخانہ خاکوں کے مقابلے کے انعقاد کے معاملے پر ہالینڈ کے ناظم الامور کو دفتر خارجہ طلب کرکے شدید احتجاج کیا گیا۔ دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق اسلامی شعائر کی تضحیک پر پاکستان نے ہالینڈ کی حکومت سے شدید تشویش کا اظہار کیا اور ہالینڈ کے ناظم الامور کو وفاقی کابینہ کے احتجاج اور فیصلے سے متعلق بھی آگاہ کیا گیا۔ دفتر خارجہ کی جانب سے ہالینڈ میں تعینات پاکستانی سفیر کو حکومت اور اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کے سفرا کے ساتھ معاملہ اٹھانے کی ہدایت کی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ سابق وزیر خارجہ نے سیکرٹری جنرل او آئی سی کو اس حوالے سے خط بھی لکھا تھا اور معاملے پر ان کی رائے طلب کی تھی، جنہوں نے جواب میں او آئی سی کی طرف سے ہالینڈ کے وزیر خارجہ خط لکھ کر معاملے پر احتجاج کیا تھا۔ معاملے کو رواں سال ستمبر میں اقوام متحدہ سربراہ اجلاس کے سائیڈ لائن میں شیڈول او آئی سی وزرائے خارجہ اجلاس میں بھی زیر بحث لایا جائے گا، جہاں نومنتخب وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی پاکستانی وفد کی نمائندگی کریں گے۔ دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ پاکستانی حکومت اس معاملے کو ہالینڈ کی حکومت کے ساتھ ہر بین الاقوامی فورم پر اٹھائے گی۔ یاد رہے کہ رواں سال جون میں ہالینڈ کے متنازع سیاستدان گیرٹ ولڈرز نے پارلیمنٹ میں گستاخانہ خاکوں کا مقابلہ کروانے کا قبیح اعلان کیا تھا۔